© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**Pondering Over the Quran** [تدبّر قرآن]: امین احسن اصلاحی، مترجم: محمد سلیم کیانی ۔ ناشر: الکتاب پبلی کیشنز، ۶۸ ۔ٹالبوٹ کریسنٹ ہینڈن ، لندن NW4 4HP۔ صفحات: ۸۳۔ قیمت درج نہیں۔

تدبر قرآن، قرآن حکیم کی اُردو تفاسیر میں ایک ممتاز مقام رکھتی ہے۔ یہ مولانا امین احسن اصلاحی کا حاصل حیات ہے۔ اس کی پہلی جلد ۱۹۶۷ء میں شائع ہوئی۔ مکمل تفسیر ۸ جلدوں میں ہے۔ اس تفسیر کی سب سے بڑی خوبی نظمِ قرآن کی وضاحت ہے۔ زیرنظر کتاب، تدبر قرآن کے دیباچے، بسم اللہ اور سورہ فاتحہ کے انگریزی ترجمے پر مشتمل ہے۔ آخر میں مترجم محمد سلیم کیانی (م: نومبر ۲۰۱۶ء) نے مولانا حمیدالدین فراہی اور امین احسن اصلاحی کا تعارف اور ان کی تصانیف کی فہرست دی ہے۔ اسی طرح مترجم نے کتاب کے تعارف میں نظم قرآن کے سلسلے میں مولانا فراہی اور مولانا اصلاحی سے ماقبل مفسرین کی کوششوں کا ذکر بھی کیا ہے۔

ترجمہ بہت عمدہ اور عام فہم ہے ۔ انگریزی قارئین کے لیے فہم قرآن کے سلسلے میں یہ تمہیدی حصّہ اپنے اندر افادیت رکھتا ہے۔ (رفیع الدین ہاشمی)

**معیارِ حق کون ہے؟** ترتیب: مولانا حکیم عبدالرحیم اشرف [ترتیبِ نو: ڈاکٹر عبدالحی ابڑو، شکیل عثمانی، خلیل الرحمٰن چشتی]۔ ناشر: الاحسان، E-11/4، اسلام آباد۔ فون: ۰۳۰۰-۵۵۶۰۹۰۰۔ صفحات: ۲۶۵۔ قیمت (مجلد): ۳۶۰ روپے۔

حق کی راہ پر چلنے والوں کو، خود حق پر چلنے کی پہچان رکھنے والے بھی کس کس طرح ناحق تنگ کرتے ہیں؟ اس ’کارِخیر‘ کی ایک جھلک اس کتاب میں دیکھی جاسکتی ہے۔

ویسے تو جماعت اسلامی کو تشکیل کے روز (۲۶؍اگست ۱۹۴۱ء) ہی سے تنقیدی نگاہ سے پرکھا جانے لگا تھا، اور اس کام میں دین دار اور بے دین، دونوں طرح کے حلقوں سے، بعض حضرات



© rasailojaraid.com